**05.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ محمد عمار

**Music**

☆ دلی میں 70 اسمبلی ممبروں کو منتخب کرنے کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔ دوپہر ایک بجے تک 33 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے جاچکے تھے۔

☆ عام آدمی پارٹی لیڈر اروند کجریوال، دلی کی وزیراعلیٰ آتشی، BJP کے پرویش ورما اور کانگریس رہنما سندیپ دکشت سمیت 699 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کیا جائے گا۔

☆ تمل ناڈو میں Erode-East اسمبلی سیٹ اور اترپردیش میں ملکی پور اسمبلی سیٹ کے لیے بھی ضمنی چناؤ میں آج ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے مہاکمبھ میں تروینی سنگم میں مقدس اَشنان کیا ہے۔

☆ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کونسل سے امریکہ کو الگ کرلیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں : دفاعی چمپئن ممبئی اور ہریانہ کے درمیان رنجی ٹرافی کوارٹر فائنل کی جگہ Lahli سے تبدیل کرکے کولکاتا کردی گئی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**DELHI POLLS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ، مرکزی وزراء ڈاکٹر ایس جے شنکر اور ہردیپ سنگھ پوری، کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی، دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ، دلّی کی وزیراعلی آتشی اور دفاعی عملے کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی، دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے پہلے ووٹ ڈالنے والوں شامل تھے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار، انتخابی کمشنرز ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو اور گیانیش کمار، وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا، دلّی پولیس کے کمشنر سنجیو اروڑا، نئی دلّی اسمبلی حلقے سے کانگریس امیدوار سندیپ دیکشت، دلّی BJP کے صدر ویریندر سچدیوا، جنگ پورہ حلقے سے

عامی آدمی پارٹی کے امیدوار منیش سسودیا اور دیگر نے بھی قومی راجدھانی کے مختلف پولنگ مراکز میں آج صبح اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

دلّی میں سخت سکیورٹی کے درمیان تمام 70 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ پولنگ صبح 7 بجے شروع ہوئی اور شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ کُل 699 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ قومی راجدھانی میں آزادانہ، منصفانہ اور پرامن پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ 70 اسمبلی حلقوں میں 13 ہزار 700 سے زیادہ پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ان میں سے 70 پولنگ مراکز کا مکمل انتظام وانصرام خواتین کر رہی ہیں، جبکہ 70 پولنگ مراکز کا انتظام دویانگ جَن سنبھال رہے ہیں۔ چناؤ کمیشن نے خوش اسلوبی کے ساتھ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے ایک لاکھ 80 ہزار سے زیادہ پولنگ عملے کو تعینات کیا ہے۔

خوش اسلوبی کے ساتھ پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے تمام پولنگ مراکز میں ووٹروں کیلئے بنیادی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ ان سہولتوں میں ریمپ، وہیل چیئرس، طبی ٹیمیں اور بچوں کی نگہداشت کے مراکز شامل ہیں۔ آج جن اہم امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا، اُن میں عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال، دلّی کی وزیراعلیٰ آتشی، دلّی سرکار کے وزیر گوپال رائے، BJP کے وجیندر گپتا، پرویش ورما، رمیش بدھوڑی اور کیلاش گہلوت شامل ہیں۔ کانگریس کے رہنما سندیپ دیکشت، ہارون یوسف اور الکالامبا بھی چناؤ میدان میں ہیں۔ دلّی اسمبلی چناؤ میں دوپہر ایک بجے تک تقریباً 33 فیصد سے زیادہ پولنگ درج کی گئی تھی۔×

## VICE PREZ-DELHI POLLS

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا کہ ووٹنگ جمہوریت کیلئے بنیاد اور آکسیجن فراہم کرنے والا ہے۔ نئی دلّی میں نارتھ ایونیو پولنگ بوتھ پر دلّی اسمبلی چناؤ کیلئے اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ووٹ ڈالنا تمام حقوق کی بنیاد ہے۔ اس حق سے بڑا کوئی حق نہیں ہوسکتا۔

انہوں نے کہا کہ بھارت، دنیا بھر میں سب سے پرانی اور سب سے درخشاں جمہوریت ہے، جہاں صرف ووٹنگ کے ذریعہ اقتدار میں تبدیلی آتی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے انتخابی کمیشن کے انتظامات کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے تمام ووٹروں پر زور دیا کہ وہ اپنے حق رائے دہی کا ضرور استعمال کریں۔

## CEC RAJIV KUMAR

اعلیٰ چناؤ کمشنر راجیو کمار نے آج خوش اسلوبی سے دلّی اسمبلی چناؤ کے انعقاد کیلئے مصروفِ عمل پولنگ افسران، سکیورٹی فورسز اور دیگر افراد کی ستائش کی ہے۔ دلّی کے نیو موتی باغ علاقے میں اپنا ووٹ ڈالنے کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے

ہوئے اعلیٰ چناؤ کمشنر نے کہا کہ تمام ریٹرننگ آفیسرز اور DCPs کی سخت محنت سے دلّی میں پچھلے ایک مہینے کے دوران 12 ہزار سے 13 ہزار ریلیاں پرامن طریقے سے منعقد کی گئیں۔ جناب کمار نے بتایا کہ کمیشن نے برابری کا میدان فراہم کرنے اور منصفانہ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے سخت احکامات جاری کئے ہیں۔

**BYE POLL ASSEMBLY**

آج ہی تمل ناڈو میں Erode-East اسمبلی سیٹ کیلئے اور اترپردیش میں ملکی پور اسمبلی سیٹ کے لیے بھی ضمنی چناؤ میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دن میں گیارہ بجے تک Erode-East میں 26 فیصد سے زیادہ جبکہ ملکی پور میں لگ بھگ 30 فیصد ووٹ ڈالے جاچکے تھے۔

**PM-MAHAKUMBH**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پریاگ راج کے مہا کمبھ میں سنگم میں پوتر ڈبکی لگائی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ سنگم میں اسنان ایک روحانی احساس کا لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنگم میں پوتر ڈبکی لگانے والے کروڑوں افراد کی طرح وہ بھی عقیدت کے جذبے سے پوری طرح سرشار ہوئے۔ جناب مودی نے تمنا کی کہ ماں گنگا سبھی ہموطنوں کو امن، خوشحالی، فراست، اچھی صحت اور بھائی چارے کا آشیرواد دے۔

زیراعظم نریندر مودی اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ہمراہ کشتی میں بھی سوار ہوکر تروینی سنگم پہنچے۔ جناب مودی نے گنگا، جمنا اور سرسوتی دریاؤں کے سنگم تروینی پر آرتی اور پوجا ارچنا کی۔ بھارت کے روحانی اور ثقافتی ورثے کو محفوظ رکھنے اور فروغ دینے کے سرکار کے عزم کے عین مطابق وزیراعظم نے مذہبی مقامات پر بنیادی ڈھانچے اور سہولتوں میں اضافہ کرنے کیلئے مسلسل سرگرم اقدامات کئے ہیں۔ اس سے پہلے پچھلے سال دسمبر کے مہینے میں پریاگ راج کے اپنے دورے دوران وزیراعظم مودی نے عام لوگوں کیلئے کنکٹی وٹی سہولتوں اور خدمات کو بہتر بنانے کیلئے پانچ ہزار 500 کروڑ روپے مالیت 167 ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا تھا۔

مہاکمبھ 2025، جو کہ 13 جنوری کو Paush پورنیا کے موقع پر شروع ہوا تھا، دنیا کا سب سے بڑا مذہبی اور ثقافتی اجتماع ہے۔ امکان ہے کہ وہ مہا کمبھ میں سنتوں اور سادھوؤں سے ملاقات کریں گے۔ مرکزی وزیر کرن رججو نے بھی پریاگ راج کے مہاکمبھ میں آج صبح پوتر ڈبکی لگائی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب رججو نے کہا کہ مہاکمبھ 144 برسوں میں ایک مرتبہ آتا ہے اور اس طرح کے تاریخی، مذہبی اجتماع کے سلسلے میں کسی کو بھی سیاست نہیں کرنی چاہیئے۔ وزیر موصوف نے تمام لوگوں پر زور دیا کہ وہ میلہ اتھارٹی کے رہنما خطوط پر عمل کریں، کیونکہ مہا کنبھ میں آنے والے افراد کی تعداد غیر معمولی اور ناقابل تصور ہے۔×

## SHAH J&K MEETING

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج دوسرے دن بھی نئی دلی میں ایک میٹنگ میں جموں وکشمیر کی سیکورٹی کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ یہ میٹنگ کل بھی ہوئی تھی اور میٹنگ میں امور داخلہ کے سکریٹری گووند موہن، فوج کے سربراہ اوپیندر دویدی اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی تھی۔ گزشتہ مہینے جائزہ میٹنگ میں مرکزی وزیر داخلہ نے تمام سیکورٹی ایجنسیوں کو ہدایت دی تھی کہ دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کیا جائے اور جموں وکشمیر میں دہشت گردی جڑ سے ختم کرنے کے لیے مربوط طریقے پر کام کیا جائے۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے دہشت گردی کے واقعات، دراندازی اور دہشت گرد تنظیموں میں نوجوانوں کی بھرتی میں نمایاں کمی آنے پر سیکورٹی اداروں کی تعریف کی۔

## J&K BUDGET

جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمرعبداللہ آج ارکان اسمبلی اور ضلع ترقیاتی کونسلوں کے سربراہوں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا صلاح مشورہ کررہے ہیں۔ جناب عبداللہ کے پاس خزانے کا محکمہ بھی ہے۔ جناب عمرعبداللہ مارچ کی 3 تاریخ سے شروع ہونے والے اسمبلی اجلاس میں اپنا پہلا بجٹ پیش کریں گے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ وزیراعلیٰ آج اور کل اسمبلی اور اضلاع کے ترقیاتی کونسل کے سربراہوں کے ساتھ صلاح مشورے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ وہ آج اننت ناگ، بڈگام، کٹھوعہ اور سامبا ضلع کے اسمبلی ممبروں اور ضلع ترقیاتی کونسلوں کے سربراہوں سے تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیراعلیٰ کل بارہمولہ، گلگام، رام بَن اور اودھم پور کے ارکان اسمبلی اور ترقیاتی کونسلوں کے سربراہوں سے مشورہ کریں گے۔

## TRUMP UNHRC

صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک ایگزیکیٹو حکم پر دستخط کرکے انسانی حقوق سے متعلق اقوام متحدہ کونسل سے امریکہ کو الگ کرلیا ہے اور اقوام متحدہ کے اِس ادارے کو فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے مستقبل میں رقم فراہم کرنے پر بھی پابندی عائد کردی ہے۔ انہوں نے امریکہ کو یہ ہدایت بھی دی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی تعلیم، سائنس اور ثقافتی تنظیم یونیسکو میں بھی امریکہ کی شمولیت کا جائزہ لیا جائے۔

## NORTH EAST SCHOOL AWARD

سکم میں واقع پی ایم شری گورنمنٹ سینئر سیکنڈری اسکول نامچی، ایسا واحد تعلیمی ادارہ ہے جسے تمام شمال مشرقی ریاستوں کی جانب سے گرین اسکول ریٹنگ سے نوازا گیا ہے۔ کل نئی دلی میں سائنس اور ماحولیات کے مرکز کی طرف سے گرین کارنیوال اور گرین اسکول ایوارڈ 2025 کی تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔

**SL DENGUE CASES**

سری لنکا میں جنوری کے دوران ڈینگی کے تقریباً پانچ ہزار مریضوں کا پتہ چلا اور دو کی موت کی بھی اطلاع ملی ہے۔ اس مرض سے متعلق قومی کنٹرول یونٹ نے بتایا ہے کہ چار ہزار 943 ڈینگی کے واقعات سامنے آئے اور پورے ملک میں 16 ایسے خطوں کی نشاندہی کی گئی جہاں اِس مرض کا بہت زیادہ خطرہ ہے۔ Gampaha ضلع میں سب سے زیادہ مریضوں کا پتہ چلا جن کی تعداد 764 تھی۔ اِس کے بعد کولمبو میں 674 اور پھر کولمبو میونسپل کونسل علاقے میں 608 افراد اِس مرض میں مبتلا پائے گئے۔

**LIBYA RETURN**

لیبیا میں بھارت کے سفارتخانے نے، 18 بھارتی شہریوں کو بن غازی سے واپس وطن پہنچانے کیلئے سہولت دی ہے۔ یہ لوگ کئی ہفتے سے شہر میں پھنسے ہوئے تھے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ افراد کام کیلئے لیبیا گئے تھے اور وہاں کئی ہفتے سے پھنسے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سفارتخانہ مقامی حکام کیساتھ سرگرم رہا اور اُس نے ضروری دستاویزات فراہم کر کے بھارتی کارکنوں کی مدد کی۔ جناب جیسوال نے کہا کہ اِس پورے عمل میں سفارتخانہ اِن کارکنوں کے ساتھ رابطے میں رہا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت، بیرونِ ملک سبھی بھارتیوں کی فلاح اور حفاظت کی پابند ہے۔

**RANJI VENUE**

رنجی ٹرافی کے کوارٹرفائنل میچ کی جگہ Lahli سے تبدیل کرکے کولکاتا کردی گئی ہے۔ رنجی ٹرافی کا یہ کوارٹر فائنل دفاعی چیمپئن ممبئی اور ہریانہ کے درمیان اِس مہینے کی 8 سے 12 تاریخ تک کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں کھیلا جائے گا۔ جگہ تبدیل کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی ہے۔ ممبئی کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر اجنکیا نائک نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ انہیں جگہ کی تبدیلی کے بارے میں BCCI کی طرف سے ایک مراسلہ ملا ہے۔

**TENNIS ROSARIO CHALLENGER**

آج ارجنٹینا میں Rosario چیلنجر ٹینس میں، مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنلز میں بھارتی سرکردہ کھلاڑی سُمت Nagal اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ Nagal کامقابلہ بولیویا کے Hugo Dellien سے ہوگا۔ اس سے پہلے 27، سالہ اس بھارتی کھلاڑی نے مقامی طور پر پسندیدہ کھلاڑی Renzo Olivo کو ایک سخت مقابلے میں ہرانے کے بعد پری کوارٹر فائنل میں پہنچنے میں کامیابی حاصل کی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆